Sociology - FA Part 1 Sociology Chapter 1 Short Questions Preparation

Q1. مذہب کی عمرانیات سے کیا مراد ہے؟ یا عمرانیات مذہب کے کن پہلوؤں کا مطالعہ کرتی ہے.

Ans 1: عمرانیات کی ایسی شاخ ، جو مذہبی اقدار ، مذہب کی معاشرتی زندگی میں اہمیت و کردار ، مذہبی عقائد افعال، وغیرہ کا مطالعہ کرتی ہے مذہب کی عمرانیات کہلاتی ہے.

Q2. عمرانیات کا دائرہ کار کون سے ہیں-

Ans 1: خاندان کی عمرانیات:خاندان کی عمرانیات کے بغیر کوئی معاشرہ وجود میں نہیں آتا. خاندان بنیادی ادارہ ہے اس کی ساخت وظائف اور مسائل آکر سمجھ میں آجائیں تو معاشرہ اور اس کی ثقافت سمجھ میں آجاتی ہے. خاندان میں ہم سب رہتے ہیں- پیدا ہوئے ، تربیت ہوئی اور ہماری شخصیت پروان چڑھی ہماری خودی بیدار ہوئی ہم زید بکر، اسلم ناموں سے پکارنے جانے لگے. دیہی کمیونٹی کی عمرانیات: معاشرے کی ایک اہم آبادی دیہی علاقوں میں آباد ہے- دنیا کے معاشرے دیہی کمیونیشنز رکھتے ہیں- جن میں خاص طرز کی بودوباش پائی جاتی ہے. سادہ ڈیزائن کے مکانات، سادہ پیشے اور معاشرتی تفاعل کے سادہ انداز پائے جاتے ہینجو ایک جداگانہ نوعیت معاشرے میں پیدا کرتے ہیں- عمرانیات کی وہ سائنس جو دیہی کمیونٹی کا مطالعہ کرتی ہے اسے دیہی عمرانیات کہتے ہیں

Q3. فرانسیی مفکر ڈرخائم کی عمرانیات کی تعریف کریں-

Ans 1: ڈرخائم نے عمرانیات کو معاشرتی اداروں کی سائنس کہا ہے- یہ ادارے تعلیم ، خاندان ، مذہب سیاست اور معیشت ہیں

Q4. صنعتی عمرانیات کے مطالعہ میں کون سی باتیں اہم ہیں؟ یا صنعتی عمرانیات سے کیا مراد ہے.

Ans 1: صعنتی ترقی سے معاشرے میں جہاں خوشحالی ، روزگار کی فراہمی اور معیار زندگی میں اضافہ ہوتا ہے وہاں اس کی وجہ سے افراد میں بے چینی اداروں میں بدنظمی تعلقات میں کمی اور دوسرے سکانی مسائل کو جنم دیتی ہے جس سے افراد میں مختلف بیماریاں جنم لیتی ہیں ان حالات کا مطالعہ صنعتی عمرانیات میں کیا جاتا ہے.

Q5. ڈبلیو نی سمز نے عمرانیات کی تعریف کس طرح کی.

Ans 1: ڈبلیو -جی-سمز نے عمرانیات کی تعریف میں کہا گیا. "عمرانیات معاشرے کی سائنس ہے." یعنی معاشرے میں جو واقعات ، حالات، حادثات رونما ہوتے ہیں-جو تبدیلیاں آتی ہیں-جتنے انقلاب آتے ہیں- لوگوں کی معاشرتی زندگی میں جتنے اتار چڑھاؤ آتے ہیں-لوگوں کی زرعی زندگی ، زلزلہ اور دوسری آفتوں سے پیدا ہونے والے مسائل ، ناخواندگی ، پست معیار تعلیم اور طلبہ کی کثرت سے امتحانوں میں ناکامی ، غربت گھریلو زندگی ، شادی بیاہ، میاں بیوی کے مابین جھگڑا، معاشرتی درجہ بندی ، علیحدگی و طلاق سب عمرانیات کے علم کا حصہ ہے.

Q6. ٹیفاشیف نے عمرانیات کی تعریف میں کیا لکھا.

Ans 1: "عمرانیات ان افراد کے مطالعہ کا علم ہے- جو ایک دوسرے کے محتاج ہوں- یہ تعریف نہایت جامع ہے کیونکہ اس میں معاشرتی زندگی کے اہم پہلو کو روشن کیا گیا ہے یعنی لوگ اس حالت میں ہوں کہ وہ ایک دوسرے کے محتاج ہوں اور ایک دوسرے سے مل جل کر اپنی زندگیکی ضروریات پوری کرتےہوں-ایسی صورت میں جو واقعات پیش آئیں گے ان کے مطالعہ کا نام عمرانیات ہے.

Q7. عمرانی طب دماغی میں کن پلوؤں کا مطالعہ کیا جاتا ہے. یا عمرانی طب دماغی سے کیا مراد ہے.

Ans 1: عمرانی طب دماغی میں ایسے بتائج کا مطالعہ کیا جاتا ہے جو فرد اور معاشرہ کے ٹکراؤ کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں- ان میں ڈپیپریشن ، دماغی الجھنیں ، دباؤ ، دماغی پریشانی و انتشار اور دوسری نفسیاتی بیماریوں کا مطالعہ کہا جاتا ہے.

Q8. عمرانیات کے نفس مضمون مین کوئی سے چار اہم موضوعات بتائیں-

Ans 1: 1- معاشرتی گروہ 2- ثقافت 3- معاشرتی مسائل 4- معاشرتی ادارے

Q9. ماحول کی عمرانیات کو مختصر بیان کریں-

Ans 1: انسانی سرگرمیاں ہمارے اردگرد کے ماحول کو متاثر کرتی ہیں اور ہمارے اردگرد کا ماحول ہمارے ثقافت، رہن سہن ، لباس، رسم و رواج کو متاثر کرتا ہے- اس کا مطالعہ عمرانیات کی جس برانچ میں کیا جاتا ہے اسے ماحول کی عمرانیات کہتے ہیں-

Q10. عمرانیات کیا ہے.

Ans 1: 1- عمرانیات پوری کائنات میں رونما ہونے والے معاشرتی واقعات و حالات کا سائنسی مطالعہ ہے. 2- عمرانیات اس کائنات میں ائندہ پیش انے والے واقعات کی پیشن گوئی بھی کرتی ہے. تاکہ واقعات پر کنڑول کیا جاسکے. 3- عمرانیات ایک جدید معاشری سائنس ہے.